www.KitaboSunnat.com

۲۸۔ کتاب الاقصیٰ باسماء اللہ الحسنیٰ وصفاتہ العلاء۔

۲۹۔ کتاب العقد الاکبر للقلب الاصغر۔

۳۰۔ کتاب اعیان الاعیان۔

۳۱۔ رسالہ الکافی فی ان لا دلیل علی النافی

۳۲۔ کتاب ستر العورۃ۔

۳۳۔ کتاب مراقی الزلف۔

وفات: امام ابن العربیؒ نے ۵۴۶ھ کو فاس میں انتقال کیا۔[۱]

محدث کے بیس سال اور آئندہ پروگرام

الحمدللہ محدث موجودہ شمارہ کے ساتھ ہی اپنے بیس سال پورے کر رہا ہے اس سلسلہ میں محدث اپنی پالیسی اور روایات کو کہاں تک برقرار رکھ سکا ہے، اس کا صحیح فیصلہ تو قارئین ہی کر سکتے ہیں تاہم اس دوران مدیر اعلیٰ کی انتظامی اور تعمیری مصروفیات کے علاوہ متنوع علمی اور تدریسی مشاغل کے باوصف ادارہ کی بھرپور کوشش رہی ہے کہ محدث کا علمی اور طباعتی معیار گرنے نہ پائے۔ چنانچہ مدیر اعلیٰ خود مسلسل اس کی نگرانی کرتے ہیں۔

چونکہ اب تحقیقی اور اشاعتی کام کا پھیلاؤ کافی وسعت اختیار کر رہا ہے لہٰذا ادارہ نے کام کو متوازن بنانے کے لئے فیصلہ کیا ہے کہ محدث کی اشاعت آئندہ سہ ماہی ہو اور ضخامت بھی سہ گنا کر دی جائے تاکہ علمی مضامین کو قسط وار شامل کرنے کی بجائے یکبارگی شائع کیا جا سکے۔ اس طرح سے محدث کا علمی معیار بھی مزید بلند ہو سکے گا۔ لہٰذا آئندہ شمارہ ربیع الاول ۱۴۱۱ھ میں شائع ہو گا۔ (ان شاء اللہ)

واضح رہے کہ حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب کی ہی زیر ادارت ہفت روزہ "رشد" (اردو) اور ماہنامہ "البلاغ المبین" (عربی) کا بھی ڈیکلریشن منظور ہو چکا ہے۔ ادارہ

[۱] تذکرۃ الحفاظ ج ۴ ص ۹۱۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ